JAMIA NAMA
(April - June 2026)

# جامعہ نامہ

## علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد



## ”جاپان-پاکستان ترقیاتی مرکز“

افتتاحی تقریب سے وفاقی وزیر برائے سمندر پار پاکستانی وانسانی وسائل ترقی، چوہدری سالک حسین خطاب کر رہے ہیں



## ”ارلی چائلڈ ہُڈ ڈیولپمنٹ“

بچوں کی تعلیم وتربیت میں سرمایہ کاری پاکستان کی ترقی کے لیے ناگزیر ہے



صدرِ مملکت اسلامی جمہوریہ پاکستان، آصف علی زرداری نے 20 مئی 2026ء کو پروفیسر ڈاکٹر سید محمد عامر شاہ کو علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی فیکلٹی آف سوشل سائنسز اینڈ ہیومینیٹیز کا ڈین مقرر کیا۔ اس تقرری کو تعلیمی حلقوں میں خوش آئند قرار دیا گیا۔

President of the Islamic Republic of Pakistan, Asif Ali Zardari, appointed Professor Dr. Syed Muhammad Amir Shah as Dean of the Faculty of Social Sciences and Humanities at Allama Iqbal Open University on May 20, 2026. The appointment has been widely welcomed by academic circles.


سرپرست اعلیٰ: پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود (وائس چانسلر)
مینجنگ ایڈیٹر: ڈاکٹر بخت روان
مجلس ادارت: عمیر بن ندیم، حافظ حسان احمد
ایڈیٹر: عزیرالرحمٰن
کاپی ایڈیٹر: عبدالمجید
لے آوٹ ڈیزائن: اسد حسین
فوٹوگرافی: نورالاسلام، شہروز علی


## اس شمارے میں شامل


★ "ارلی چائلڈ ہڈ ڈیولپمنٹ" کے موضوع پر منعقدہ پانچویں بین الاقوامی کانفرنس
★ علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی میں قومی یکجہتی اور اجتماعی ذمہ داری پر سیمینار کا انعقاد
★ علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی اکیڈمک کونسل کا 69واں اجلاس
★ اقبال چیئر کا بڑا اقدام، ہفتہ وار علمی لیکچرز اور جاوید نامہ کورس شروع کرنے کا فیصلہ
★ ملازمین کے لیے مفت کارڈیک اسکریننگ پروگرام کا آغاز
★ دو ہفتوں پر مشتمل ترکش سمر کیمپ کا انعقاد
★ پاکستان میں تعلیم پر نظرِ نو" کے نظرثانی شدہ ایڈیشن کی رونمائی تقریب کا انعقاد
★ علاقائی دفاتر کی خبریں
★ یونیورسٹی کے علاقائی مراکز میں وزیر اعظم لیپ ٹاپ سکیم کے تحت 2500 لیپ ٹاپ تقسیم

"ابتدائی بچپن کی تعلیم و تربیت" کے موضوع پر منعقدہ پانچویں بین الاقوامی کانفرنس

# بچوں کی ابتدائی تعلیم و تربیت مضبوط معاشرے کی بنیاد ہے: احسن اقبال

## ارلی چائلڈ ہڈ ایجوکیشن کے فروغ کے بغیر پائیدار ترقی ممکن نہیں: ماہرین تعلیم

وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات احسن اقبال نے کہا ہے کہ بچوں کی ابتدائی تعلیم و تربیت میں مؤثر سرمایہ کاری ہی پاکستان کو مضبوط، خوشحال اور ترقی یافتہ ملک بنا سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دنیا میں وہی اقوام پائیدار ترقی حاصل کرتی ہیں جو تعلیم، خصوصاً بچپن کی ابتدائی تعلیم و تربیت (Early Childhood Development) و قومی ترجیحات میں شامل کرتی ہیں۔ وہ علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی میں 7 اپریل 2026ء کو "ارلی چائلڈ ہڈ ڈیولپمنٹ" کے موضوع پر منعقدہ پانچویں بین الاقوامی کانفرنس کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے اساتذہ، تعلیمی ماہرین اور میڈیا پر زور دیا کہ وہ ابتدائی تعلیم کی اہمیت کو اجاگر کرنے کے لیے بھرپور کردار ادا کریں تاکہ اس شعبے میں سرمایہ کاری کو فروغ مل سکے۔ احسن اقبال نے کہا کہ ابتدائی تعلیم کسی بھی معاشرے کی تعمیر کی بنیادی اینٹ ہے۔ اگر بچوں کو زندگی کے ابتدائی برسوں میں معیاری تعلیم، سازگار ماحول اور مؤثر تربیت فراہم کی جائے تو وہ مستقبل میں باصلاحیت، ذمہ دار اور باکردار شہری بن کر ملک کی ترقی میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ کانفرنس میں شریک قومی و بین الاقوامی ماہرین تعلیم نے اس بات پر اتفاق کیا کہ ابتدائی عمر بچوں کی ذہنی، جذباتی اور سماجی نشوونما کا نہایت اہم مرحلہ ہوتی ہے، اس لیے اس عرصے میں معیاری تعلیم اور مثبت تربیت ناگزیر ہے۔ مقررین نے سفارش کی کہ ارلی چائلڈ ڈویلپمنٹ مراکز کے نصاب کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کیا جائے، اساتذہ کی پیشہ ورانہ تربیت کو مضبوط بنایا جائے، والدین کی فعال شمولیت یقینی بنائی جائے اور کھیل کے ذریعے سیکھنے کے رجحان کو فروغ دیا جائے۔ ماہرین نے اس بات پر بھی زور دیا کہ ابتدائی تعلیم میں ٹیکنالوجی کا متوازن اور ذمہ دارانہ استعمال کیا جائے، تاہم بچوں کی فطری نشوونما اور تخلیقی صلاحیتوں کو ہر صورت ترجیح دی جائے۔ کانفرنس سے ڈاکٹر ظفر مرزا، پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود، نصرالدین روپانی، پروفیسر محمد رفیق طاہر، پرنیل آئرنٹ سائیڈ، ڈاکٹر ایلن ٹاؤن اور ڈاکٹر خدیجہ خان سمیت دیگر ممتاز قومی و بین الاقوامی ماہرین نے بھی خطاب کیا۔ دو روزہ کانفرنس ہائبرڈ طرز پر منعقد کی جا رہی ہے، جس میں پلینری سیشنز، پوسٹر پریزنٹیشنز، پیرالل سیشنز اور راؤنڈ ٹیبل مباحثے شامل ہیں۔ کانفرنس کا انعقاد وزارت منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی اقدامات، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، روپانی فاؤنڈیشن، پاکستان الائنس فار ارلی چائلڈ ڈویلپمنٹ، یونیسف اور دیگر شراکت دار اداروں کے تعاون سے کیا گیا ہے۔









# ارلی چائلڈ ہڈ ڈیولپمنٹ میں سرمایہ کاری روشن مستقبل کی ضمانت ہے: ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی

## بچوں کی ابتدائی تعلیم ان کی مضبوط بنیاد ہے، اسے معیاری بنانا ناگزیر ہے: ڈاکٹر نیاز احمد اختر

وفاقی وزیر برائے تعلیم وتربیت ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے کہا ہے کہ ارلی چائلڈ ہڈ ڈیولپمنٹ (ابتدائی بچپن کی نشوونما) میں سرمایہ کاری دراصل ملک کے روشن، خوشحال اور پائیدار مستقبل میں سرمایہ کاری ہے۔ بچوں کی ابتدائی تعلیم وتربیت قومی ترقی کی بنیاد ہے اور ابتدائی عمر میں معیاری تعلیم ومثبت تربیت بچوں کی شخصیت سازی، ذہنی نشوونما اور مستقبل کی کامیابی میں بنیادی کردار ادا کرتی ہے۔ وہ علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی میں 8 اپریل 2026ء کو "ارلی چائلڈ ہڈ ڈیولپمنٹ" کے موضوع پر منعقدہ پانچویں بین الاقوامی کانفرنس کی اختتامی تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ہائر ایجوکیشن کمیشن کے چیئرمین ڈاکٹر نیاز احمد اختر نے کہا کہ بچوں کی ابتدائی تعلیم ان کی پوری زندگی کی بنیاد ہوتی ہے، اس لیے اس بنیاد کو مضبوط اور معیاری بنانا ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ زندگی کے ابتدائی دس سال بچوں کی ذہنی، سماجی اور جذباتی نشوونما کے لیے انتہائی اہم ہوتے ہیں، لہٰذا اس عرصے میں معیاری تعلیم، مثبت تربیت اور سازگار ماحول کی فراہمی قومی ترجیح ہونی چاہیے تاکہ بچے مستقبل میں اعتماد کے ساتھ اپنی صلاحیتوں کا بھرپور اظہار کر سکیں۔ وفاقی وزیر ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی اور چیئرمین ایچ ای سی ڈاکٹر نیاز احمد اختر نے اس اہم موضوع پر کامیاب بین الاقوامی کانفرنس کے انعقاد پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود اور منتظمین کو مبارکباد پیش کی۔ کانفرنس میں ملکی وغیر ملکی ماہرین تعلیم، محققین، پالیسی سازوں اور ترقیاتی اداروں کے نمائندوں نے شرکت کی اور ابتدائی بچپن کی تعلیم ونشوونما کو درپیش چیلنجز، پالیسی اقدامات اور مؤثر حل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ مقررین نے اس بات پر اتفاق کیا کہ پاکستان میں بالخصوص دیہی اور پسماندہ علاقوں میں ارلی چائلڈ ہڈ ڈیولپمنٹ کے شعبے کو مزید وسائل، سہولیات اور توجہ کی ضرورت ہے۔ اس موقع پر جدید تدریسی طریقوں، اساتذہ کی پیشہ ورانہ تربیت اور والدین کی مؤثر شمولیت کو بھی بچوں کی متوازن نشوونما کے لیے ناگزیر قرار دیا گیا۔ کانفرنس کے اختتام پر اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ ارلی چائلڈ ہڈ ڈیولپمنٹ کے فروغ کے لیے تمام شراکت دار ادارے باہمی تعاون کو مزید مضبوط بنائیں گے تاکہ پاکستان کے بچوں کو بہتر تعلیمی مواقع اور روشن مستقبل فراہم کیا جاسکے۔ کانفرنس کا مشترکہ اہتمام وزارتِ منصوبہ بندی، ترقی وخصوصی اقدامات، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، روپانی فاؤنڈیشن، پاکستان الائنس فار ارلی چائلڈ ہڈ ڈیولپمنٹ اور یونیسف کے اشتراک سے کیا گیا۔ اس موقع پر پاکستان الائنس فار ارلی چائلڈ ہڈ ڈیولپمنٹ کے ڈائریکٹر ڈاکٹر نعیم ظفر نے کانفرنس کی جامع جائزہ رپورٹ پیش کی، جبکہ علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود نے کانفرنس کی سفارشات پیش کیں۔ روپانی فاؤنڈیشن کے چیئرمین نصر الدین روپانی نے شرکاء کا خیر مقدم کرتے ہوئے اشتراکی کاوشوں کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ منتظمین نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ ابتدائی بچپن کی نشوونما کے فروغ کے لیے مشترکہ اقدامات کا سلسلہ آئندہ بھی جاری رکھا جائے گا۔ انہوں نے تمام شراکت دار اداروں اور ترقیاتی پارٹنرز کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ انہی کے تعاون سے بچوں کے بہتر مستقبل کے لیے یہ اہم کاوش ممکن ہوسکی۔





# یونیورسٹی کے علاقائی مراکز میں وزیراعظم لیپ ٹاپ سکیم کے تحت 2500 لیپ ٹاپ تقسیم














طلبہ کو جدید ٹیکنالوجی سے آراستہ کرنے اور ڈیجیٹل تعلیم کے فروغ کے لیے علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی نے وزیراعظم لیپ ٹاپ سکیم کے تحت ملک بھر کے اپنے علاقائی مراکز میں 2,500 لیپ ٹاپ تقسیم کیے۔ اگرچہ لیپ ٹاپ تقسیم کرنے کی تقریبات یونیورسٹی کے مختلف ریجنل کیمپسز میں منعقد ہوئیں تاہم چونکہ "جامعہ" کا یہ شمارہ اپریل تا جون 2026 کی سرگرمیوں پر مشتمل ہے، اس لیے یہاں اسی عرصے کے دوران منعقد ہونے والی تقریبات کا احوال پیش کیا جارہا ہے۔ اس سلسلے میں 6 مئی کو ژوب، 7 مئی کو ڈیرہ مراد جمالی اور 22 جون کو سکردو ریجنز میں پروقار تقریبات منعقد ہوئیں۔ تینوں تقریبات کی صدارت وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود نے کی جبکہ نظامت کے فرائض ڈائریکٹر جنرل ریجنل سروسز ڈاکٹر ملک توقیر احمد خان نے انجام دیے۔ ان تقریبات میں متعلقہ ریجنل ڈائریکٹرز، اساتذہ، افسران، طلبہ وطالبات اور ان کے والدین نے بھی شرکت کی۔ ان مواقعوں پر وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود کا کہنا تھا کہ وزیراعظم لیپ ٹاپ سکیم کا مقصد طلبہ کو جدید تعلیمی وسائل سے ہم آہنگ کرنا اور انہیں ڈیجیٹل دور کے تقاضوں سے روشناس کرانا ہے۔ انہوں نے طلبہ پر زور دیا کہ وہ لیپ ٹاپ کو تحقیق، آن لائن تعلیم، مطالعہ، اختراع اور اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں اضافے کے لیے مثبت اور مؤثر انداز میں استعمال کریں۔ ان کا کہنا تھا کہ جدید ٹیکنالوجی کا درست استعمال ہی طلبہ کو تعلیمی میدان میں نمایاں کامیابی اور قومی ترقی میں مؤثر کردار ادا کرنے کے قابل بنا سکتا ہے۔ تقریبات کے اختتام پر مستحق طلبہ وطالبات میں لیپ ٹاپ تقسیم کیے گئے۔ طلبہ نے اس سہولت کی فراہمی پر حکومتِ پاکستان اور علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کا شکریہ ادا کرتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ ان وسائل کو اپنی تعلیمی اور پیشہ ورانہ ترقی کے لیے بھرپور انداز میں استعمال کریں گے۔



# پاکستان-ترکیہ دوستی مضبوط برادرانہ رشتے میں ڈھل چکی ہے: ترک سفیر

## نوجوان نسل پاکستان اور ترکیہ کے روشن مستقبل کی ضامن ہے: وائس چانسلر

پاکستان میں ترکیہ کے سفیر ڈاکٹر عرفان نذیر اوغلو نے کہا ہے کہ پاکستان اور ترکیہ کے تعلقات مشترکہ تاریخ، ثقافت، مذہبی ہم آہنگی اور باہمی اعتماد کی بنیاد پر قائم ہیں جو وقت گزرنے کے ساتھ ایک مضبوط برادرانہ رشتے میں تبدیل ہو چکے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے 24 جون کو علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے شعبہ انٹرنیشنل کولیبریشن اینڈ ایکسچینج اور یونس ایمرے انسٹی ٹیوٹ پاکستان کے اشتراک سے منعقدہ دو ہفتوں پر مشتمل ترکش سمر کیمپ کی اختتامی تقریب اور تقسیمِ اسناد کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کیا۔ ڈاکٹر عرفان نذیر اوغلو نے کہا کہ پاکستانی نوجوانوں کے لیے ترکیہ میں اعلیٰ تعلیم اور مختلف تعلیمی وظائف (اسکالرشپس) کے بے شمار مواقع موجود ہیں۔ ان مواقع سے بھرپور استفادہ کرنے کے لیے ترکی زبان، ادب، ثقافت اور معاشرت سے آگاہی انتہائی ضروری ہے، اسی مقصد کے تحت علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی میں یونس ایمرے انسٹی ٹیوٹ قائم کیا گیا ہے جو پاکستانی طلبہ کو ترکی زبان، ادب اور ثقافت سے روشناس کرانے کے لیے زبان کے کورسز، تعلیمی پروگرامز اور مختلف ثقافتی سرگرمیوں کا باقاعدگی سے انعقاد کرتا ہے۔ انہوں نے اعلان کیا کہ ترکش سمر کیمپ اور دیگر تعلیمی و ثقافتی سرگرمیوں کا دائرہ کار علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے ملک بھر میں قائم علاقائی دفاتر تک وسیع کیا جائے گا تاکہ پاکستان کے چاروں صوبوں کے زیادہ سے زیادہ طلبہ ان مواقع سے فائدہ اٹھا سکیں۔ ترک سفیر نے اس موقع پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ یونیورسٹی پاکستان اور ترکیہ کے تعلیمی و ثقافتی تعلقات کو فروغ دینے میں قابلِ قدر کردار ادا کر رہی ہے اور دونوں ممالک کے درمیان تعاون کے نئے راستے ہموار کر رہی ہے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود نے سمر کیمپ میں شریک طلبہ کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ آپ نے ترکی زبان سیکھنے کی جانب ایک اہم قدم اٹھایا ہے، اب آپ کی ذمہ داری ہے کہ اس علم کو مزید آگے بڑھائیں، اپنی لسانی مہارتوں کو نکھاریں اور پاکستان و ترکیہ کے درمیان دوستی، محبت اور ثقافتی روابط کے سفیر بنیں۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان نسل دونوں برادر ممالک کے روشن مستقبل کی ضامن ہے اور ایسے تعلیمی و ثقافتی پروگرامز نوجوانوں کو عالمی سطح پر آگے بڑھنے کے نئے مواقع فراہم کرتے ہیں۔ انہوں نے طلبہ کے جذبے کو سراہتے ہوئے "پاکستان-ترکیہ بھائی چارہ زندہ باد" کے فلک شگاف نعرے بھی لگوائے۔ ڈائریکٹر انٹرنیشنل کولیبریشن اینڈ ایکسچینج ڈاکٹر زاہد مجید نے کہا کہ دو ہفتوں پر مشتمل ترکش سمر کیمپ میں 30 طلبہ نے ترکی زبان اور ثقافت کی تربیت حاصل کی۔ انہوں نے یونس ایمرے انسٹی ٹیوٹ پاکستان کے سابق ڈائریکٹر پروفیسر ڈاکٹر خلیل طوقار کی خدمات کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے پاکستان اور ترکیہ کے درمیان تعلیمی و ثقافتی روابط کے فروغ میں قابلِ قدر کردار ادا کیا۔ تقریب کے اختتام پر بچوں میں اسناد تقسیم کی گئیں۔



ترکش سمر کیمپ کے بچوں کا ترکیہ کے سفیر ڈاکٹر عرفان نذیر اوغلو اور وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود کے ساتھ گروپ فوٹو






# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی میں قومی یکجہتی اور اجتماعی ذمہ داری پر سیمینار کا انعقاد

## معرکہ حق میں عوام نے قومی یکجہتی کا عملی نمونہ پیش کیا۔ جلیل عالی





علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی میں کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ کی جانب سے معرکہ حق وآپریشن بنیان المرصوص کے تناظر میں قومی یکجہتی اور اجتماعی ذمہ داری پر 7 مئی کو ایک سیمینار کا انعقاد کیا گیا جس کے مہمان خصوصی ملک کے معروف شاعر اور نقاد جلیل عالی تھے جبکہ صدارت، ڈین کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ، پروفیسر ڈاکٹر شاہ محی الدین ہاشمی نے کی۔ جلیل عالی نے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہماری افواج نے گزشتہ برس دشمن ملک کی جارحیت کا جواب معرکہ حق وآپریشن بنیان المرصوص کی صورت میں دیا اور اس کے دوران پاکستانی عوام نے علاقائیت اور اندرونی اختلافات سے نکل کر قومی یکجہتی کا عملی نمونہ پیش کیا۔ آج تمام عالم اسلام ہمیں قدر کی نگاہ سے دیکھ رہا ہے اور پوری دنیا میں ہمارے وقار میں اضافہ ہوا ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ اب وقت ہے کہ ہمیں اپنی اجتماعی ذمہ داریوں کا تعین کرنا ہوگا اور اختلافات کو ایک طرف رکھتے ہوئے ایک متحد اور بہادر قوم کی طرح آگے بڑھنا ہوگا۔ ڈاکٹر شاہ محی الدین ہاشمی نے اپنے اختتامی کلمات میں کہا کہ مہمان مقرر کی گفتگو بہت فکر انگیز تھی۔ انھوں نے کہا کہ اسلامی تہذیب قوت بہت طاقتور ہے اور اس کی آن بان شان صدیوں بعد بھی قائم ہے۔ قرآن میں اللہ نے مسلمانوں کے لیے اپنی مدد کا ذکر کیا ہے۔ اور اس معرکہ حق میں بھی اللہ کی مدد اور خاص کرم شامل تھا۔ انھوں نے مزید کہا کہ وہ وقت دور نہیں جب ملت اسلامیہ بالخصوص ملت پاکستان اپنے عروج کو دوبارہ دیکھے گی۔

# اقبال چیئر کا بڑا اقدام، ہفتہ وار علمی لیکچرز اور جاوید نامہ کورس شروع کرنے کا فیصلہ

## اقبال کی فکر نئی نسل تک پہنچانے کے لیے علمی سرگرمیاں جاری رہیں گی۔ پروفیسر ڈاکٹر عبدالعزیز ساحر

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے اقبال چیئر آن مسلم اینڈ صوفی تھاٹ کے زیراہتمام شاعرِ مشرق علامہ محمد اقبالؒ کے ڈیڑھ سو سالہ جشنِ ولادت کے سلسلے میں 23 جون کو ایک علمی نشست کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب میں ممتاز ماہرِ اقبالیات ڈاکٹر قمر اقبال نے ''حقیقت ابدی ہے مقامِ شبیری'' کے موضوع پر خصوصی لیکچر دیا جس میں انہوں نے فلسفۂ خودی، پیغامِ حریت اور واقعۂ کربلا کے مختلف فکری و تہذیبی پہلوؤں پر روشنی ڈالی۔ تقریب کی صدارت اقبال چیئر کے منتظمِ اعلیٰ پروفیسر ڈاکٹر عبدالعزیز ساحر نے کی۔ اپنے صدارتی خطاب میں انہوں نے اعلان کیا کہ اقبال چیئر کے تحت علامہ اقبال کی فکر، شاعری اور فلسفے کے فروغ کے لیے ہفتہ وار علمی لیکچرز کا باقاعدہ سلسلہ شروع کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس سلسلے کا پہلا لیکچر آج منعقد کیا گیا ہے جبکہ آئندہ بھی ملک کے ممتاز ماہرینِ اقبالیات، دانشوروں اور محققین کو مدعو کیا جائے گا۔ ڈاکٹر عبدالعزیز ساحر نے کہا کہ علامہ اقبال کی شاہکار تصنیف ''جاوید نامہ'' کو عالمی ادب میں ایک منفرد اور ممتاز مقام حاصل ہے۔ اقبال چیئر کے زیراہتمام ''جاوید نامہ'' پر مشتمل تین ماہ کا خصوصی تدریسی کورس بھی جلد شروع کیا جائے گا تاکہ طلبہ، اساتذہ، محققین اور اقبالیات سے دلچسپی رکھنے والے افراد اس عظیم فکری سرمایہ سے گہرائی کے ساتھ استفادہ کر سکیں۔ اپنے لیکچر میں ڈاکٹر قمر اقبال نے کہا کہ اقبال کے نزدیک ''مقامِ شبیری'' حق، صداقت، استقامت اور ظلم کے خلاف ڈٹ جانے کا استعارہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ قوموں کی حقیقی تعمیر و ترقی اس وقت ممکن ہوتی ہے جب وہ اسوۂ حسینیؑ کو اپنی انفرادی اور اجتماعی زندگی کا حصہ بنائیں اور حق و باطل کے معرکے میں حق کا ساتھ دینے کا حوصلہ پیدا کریں۔ انہوں نے مزید کہا کہ علامہ اقبال نے اپنی شاعری میں واقعۂ کربلا کو انسانی آزادی، خودداری اور حریتِ فکر کی علامت کے طور پر پیش کیا ہے۔ کربلا کا پیغام یہ ہے کہ سچائی، انصاف اور حق کے راستے میں آنے والی ہر قربانی کو خندہ پیشانی سے قبول کیا جائے اور باطل قوتوں کے سامنے کبھی سر نہ جھکایا جائے۔



علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی میں علامہ اقبال کے ڈیڑھ سو سالہ جشن ولادت کی تقریب

# پاکستان میں تعلیم پر نظرِ نو" کے نظرثانی شدہ ایڈیشن کی رونمائی تقریب، ڈاکٹر شاہد صدیقی کی شرکت

## مقررین نے کتاب کو تعلیمی اصلاحات کے لئے اہم قرار دیا

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی میں ممتاز ماہرِ تعلیم، محقق، مصنف اور یونیورسٹی کے سابق وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر شاہد صدیقی کی معروف کتاب "پاکستان میں تعلیم پر نظرِ نو" کے نظرثانی شدہ ایڈیشن کی رونمائی کی تقریب 9 جون کو منعقد ہوئی۔ تقریب میں ڈاکٹر شاہد صدیقی نے خصوصی طور پر شرکت کی۔ تقریب کی صدارت یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود نے کی جبکہ ماہرینِ تعلیم، دانشوروں، اساتذہ، محققین، طلبہ اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ مقررین نے کتاب کی اہمیت پر روشنی ڈالتے ہوئے اسے پاکستان کے تعلیمی نظام، پالیسی سازی، تدریسی طریقہ کار اور مستقبل کے تعلیمی تقاضوں کو سمجھنے کے لیے ایک اہم علمی دستاویز قرار دیا۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ تصنیف ڈاکٹر شاہد صدیقی کے وسیع تحقیقی تجربے اور گہری بصیرت کا نتیجہ ہے جس میں تعلیم کے مختلف پہلوؤں کا تنقیدی جائزہ اور اصلاحات کے لیے قابلِ عمل تجاویز پیش کی گئی ہیں۔ مقررین نے امید ظاہر کی کہ کتاب کا یہ نظرثانی شدہ ایڈیشن تعلیمی پالیسی سازوں، منتظمین، اساتذہ، محققین اور طلبہ کے لیے یکساں طور پر مفید ثابت ہوگا اور تعلیمی شعبے میں بہتری کے لیے رہنمائی فراہم کرے گا۔ اپنے خطاب میں کتاب کے مصنف، ڈاکٹر شاہد صدیقی نے کہا کہ تعلیم کسی بھی معاشرے کی ترقی اور خوشحالی کی بنیاد ہے۔ انہوں نے کہا کہ بدلتے ہوئے عالمی حالات کے مطابق پاکستان کے تعلیمی نظام میں بہتری اور اصلاحات وقت کی اہم ضرورت ہیں۔ ان کے مطابق اس کتاب کے نظرثانی شدہ ایڈیشن میں موجودہ چیلنجز اور مستقبل کے امکانات کو مدنظر رکھا گیا ہے تاکہ تعلیمی شعبے سے وابستہ افراد بہتر رہنمائی حاصل کر سکیں۔ تقریب سے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود، پاکستان میں جائیکا کے کنٹری ایڈوائزر عابد گل، فاطمہ جناح ویمن یونیورسٹی کے ڈین پروفیسر ڈاکٹر ملک غلام بہلول، وزارتِ وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت کی ڈپٹی ایجوکیشنل ایڈوائزر ڈاکٹر شعیبہ منصور اور علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی فیکلٹی آف ایجوکیشن کی ایسوسی ایٹ پروفیسر ڈاکٹر افشاں ہما نے بھی خطاب کیا۔ تقریب کے اختتام پر ڈاکٹر شاہد صدیقی کی مختلف تصانیف پر مشتمل کتابی سٹال لگایا گیا جہاں طلبہ اور فیکلٹی ممبران کے لیے 40 فیصد رعایت دی گئی۔ شرکاء نے کتابوں میں گہری دلچسپی لی، کی اور مصنف سے آٹوگراف بھی لیے۔



علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی میں کتاب کی رونمائی تقریب میں وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود مصنف کو پھولوں کا گلدستہ پیش کر رہے ہیں

# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کی اکیڈمک کونسل کا 69 واں اجلاس

## نئی تعلیمی پالیسیوں اور پروگرامز کی منظوری

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود کی زیر صدارت 30 جون کو اکیڈمک کونسل کا اجلاس منعقد ہوا۔ نظامت کے فرائض رجسٹرار راجہ عمر یونس نے انجام دیئے۔ اس علمی تقریب میں یونیورسٹی کے ڈینز، پروفیسرز، فیکلٹی ممبران اور پرنسپل افسران شریک تھے۔ اجلاس میں یونیورسٹی کے تعلیمی معیار کو مزید بہتر بنانے، جدید تقاضوں سے ہم آہنگ پروگرام متعارف کرانے اور تدریسی نظام کو مؤثر بنانے کے لیے متعدد اہم فیصلوں کی منظوری دی گئی۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ آئندہ کانووکیشن سے گولڈ، سلور اور برونز میڈلز کے حصول کے لیے کم از کم



3.00 سی جی پی اے لازمی ہوگا تاکہ نمایاں تعلیمی کارکردگی کا اعتراف کیا جاسکے۔ اکیڈمک کونسل نے بی ایس ان ماس کمیونیکیشن پروگرام کا نام تبدیل کر کے بیچلر آف اسٹڈیز ان میڈیا اینڈ ماس کمیونیکیشن رکھنے کی منظوری دی۔ علاوہ ازیں ماس کمیونیکیشن کے 10 سرٹیفکیٹ کورسز سمیت مختلف شعبہ جات کے نئے ایسوسی ایٹ ڈگری اور بی ایس پروگرامز کی بھی منظوری دی گئی۔ اجلاس میں سمسٹر خزاں 2026ء سے ایف ایس سی پری میڈیکل اور ایف ایس سی پری انجینئرنگ پروگرامز شروع کرنے کی منظوری بھی دی گئی جس سے سائنس کی تعلیم حاصل کرنے کے خواہش مند طلبہ کو مزید تعلیمی مواقع میسر آئیں گے۔ اکیڈمک کونسل نے ایم فل اور پی ایچ ڈی پروگرامز کے ڈھانچے میں بھی تبدیلی کی منظوری دیتے ہوئے فیصلہ کیا کہ ہر فیکلٹی آئندہ ایک ایم فل اور ایک پی ایچ ڈی پروگرام پیش کرے گی، جن میں مختلف اسپیشلائزیشنز شامل ہوں گی۔ اس اقدام کا مقصد طلبہ کی بہتر انتظام کاری، تعلیمی معیار میں بہتری اور یونیورسٹی کے وسائل کا مؤثر استعمال یقینی بنانا ہے۔ اجلاس میں منظور کیے گئے فیصلوں کی حتمی توثیق ایگزیکٹو کونسل سے حاصل کی جائے گی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود نے کہا کہ یونیورسٹی معیاری، جدید اور طلبہ دوست تعلیم کے فروغ کے لیے مسلسل اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اکیڈمک کونسل کے فیصلے تعلیمی معیار کو مزید مستحکم کرنے اور طلبہ کو مستقبل کے تقاضوں سے ہم آہنگ تعلیم فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کریں گے



# ملازمین کے لیے مفت کارڈیک اسکریننگ پروگرام کا آغاز

## بروقت تشخیص سے قیمتی جانیں بچائی جاسکتی ہیں، ڈاکٹر ناصر محمود

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی نے ملازمین کی صحت کے تحفظ کے لیے مفت کارڈیک اسکریننگ پروگرام کا آغاز کر دیا ہے۔ وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود نے پروگرام کا افتتاح کرتے ہوئے کہا کہ دل کے امراض کی بروقت تشخیص سے قیمتی جانیں بچائی جاسکتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حالیہ واقعات کے پیش نظر یہ اقدام ملازمین کو بروقت طبّی سہولیات فراہم کرنے اور ممکنہ خطرات سے محفوظ رکھنے کے لیے کیا گیا ہے۔ وائس چانسلر نے ہدایت کی کہ اسکریننگ پروگرام کو ریجنل کیمپسز تک بھی توسیع دی جائے۔ پروگرام کے تحت تقریباً 800 ملازمین کے مرحلہ وار طبّی ٹیسٹ کیے جائیں گے جبکہ جن ملازمین میں دل سے متعلق امراض کے خدشات سامنے آئیں گے انہیں فوری طور پر ماہر امراضِ قلب کے پاس ریفر کیا جائے گا اور علاج کے اخراجات بھی یونیورسٹی برداشت کرے گی۔ ملازمین نے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود کے اس اقدام کو سراہتے ہوئے اسے ملازمین کی فلاح و بہبود اور صحت کے تحفظ کے لیے ایک مثالی قدم قرار دیا۔




علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر ناصر محمود "کارڈک اسکریننگ پروگرام" کے افتتاحی اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

## لاہور کیمپس میں دو ہفتوں پر مشتمل ترک زبان سمر کیمپ

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے لاہور کیمپس میں یونس ایمرے انسٹی ٹیوٹ پاکستان کے اشتراک سے دو ہفتوں پر مشتمل ترکش سمر کیمپ 2026 منعقد ہوا۔ جمہوریہ ترکیہ کے قونصل جنرل برائے لاہور، ممت ایمن شمشیک، یونس ایمرے انسٹی ٹیوٹ پاکستان کے کنٹری ڈائریکٹر ایرن میاس اوغلو اور علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی لاہور کیمپس کے ریجنل ڈائریکٹر



امان اللہ ملک نے خطاب کیا۔ ریجنل ڈائریکٹر امان اللہ ملک نے کہا کہ یہ سمر کیمپ نوجوانوں کو ترک زبان اور ثقافت سے روشناس کرانے کے ساتھ ساتھ پاکستان اور ترکیہ کے دیرینہ برادرانہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی طلبہ کو بین الاقوامی زبانوں اور ثقافتوں سے آشنا کرنے کے لیے ایسے تعلیمی اور ثقافتی پروگراموں کے انعقاد کو بھرپور اہمیت دیتی ہے۔ مقررین نے اپنے خطابات میں زبان سیکھنے، ثقافتی تبادلوں اور نوجوانوں کے درمیان باہمی روابط کے فروغ کی اہمیت پر زور دیا۔ تقریب کے اختتام پر سمر کیمپ کے شرکاء کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا گیا۔ دو ہفتوں پر محیط اس کیمپ میں نوجوانوں کو ترک زبان، ثقافت اور مختلف تخلیقی و تعلیمی سرگرمیوں میں حصہ لینے کا موقع فراہم کیا جائے گا۔

## ریجنل کیمپس جھنگ میں آپریشن بنیان المرصوص کی کامیابی کا جشن

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے ریجنل کیمپس جھنگ میں آپریشن بنیان المرصوص کی کامیابی کے حوالے سے ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ ریجنل ڈائریکٹر صائمہ ارم نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاک فوج نے وطن کے دفاع اور سلامتی کے لیے بے مثال قربانیاں دی ہیں، جنہیں پوری قوم قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کی سلامتی، استحکام اور ترقی میں پاک فوج کا کردار انتہائی اہم ہے۔ تقریب کے اختتام پر آپریشن بنیان المرصوص کی کامیابی کی خوشی میں ریجنل ڈائریکٹر نے اسٹاف کے ہمراہ کیک کاٹا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ جو قومیں اپنے محسنوں کو یاد رکھتی ہیں، وہی ترقی اور کامیابی کی منازل طے کرتی ہیں۔



## ریجنل سنٹر میانوالی کے اضلاع بھکر اور میانوالی میں طلباء کے لیے اورینٹیشن سیشن کا انعقاد






طلباء کو یونیورسٹی کے تعلیمی اور آن لائن نظام سے متعلق جامع آگاہی فراہم کی گئی۔ انہیں لرننگ مینجمنٹ سسٹم (LMS)، کیمپس مینجمنٹ سسٹم (CMS)، آن لائن ورکشاپس، اسائنمنٹس اپ لوڈ کرنے کے طریقہ کار، امتحانی ضوابط، اے آئی او یو موبائل ایپ اور آئندہ سمسٹر کے داخلوں کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اس موقع پر طلبہ کے سوالات کے تسلی بخش جوابات بھی دیے گئے۔

## تیمر گرہ ریجنل آفس میں ٹیوٹرز بریفنگ

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے علاقائی دفتر تیمر گرہ میں سمسٹر بہار 2026 کے ٹیوٹرز کی بریفنگ میٹنگ منعقد ہوئی۔ اس موقع پر ٹیوٹرز کو تدریسی و امتحانی ذمہ داریوں سے متعلق ضروری ہدایات دی گئیں اور انہیں تاکید کی گئی کہ وہ اپنی تمام تفویض کردہ ذمہ داریاں، خصوصاً اسائنمنٹس کی جانچ، مقررہ وقت پر مکمل کریں تاکہ تعلیمی سرگرمیاں مؤثر انداز میں جاری رہیں۔



## مردان ریجنل کیمپس میں ٹیوٹرز بریفنگ سیشن کا انعقاد

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے مردان ریجنل کیمپس میں سمسٹر بہار 2026ء کے لیے 9 جون کو ٹیوٹرز کی بریفنگ کا انعقاد کیا گیا۔ سیشن کی صدارت ریجنل ڈائریکٹر معاذ احمد نے کی۔ اپنے خطاب میں ریجنل ڈائریکٹر معاذ احمد نے ٹیوٹرز پر زور دیا کہ وہ یونیورسٹی کے تعلیمی معیار کو برقرار رکھتے ہوئے طلبہ کی مؤثر رہنمائی کریں۔ انہوں نے کہا کہ ٹیوٹرز طلبہ کو بروقت تعلیمی معاونت فراہم کریں، اسائنمنٹس کی شفاف اور معیاری مارکنگ یقینی بنائیں اور مقررہ وقت کے اندر نتائج جمع کرائیں تاکہ طلبہ کو کسی قسم کی



دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ انہوں نے کہا کہ ٹیوٹرز یونیورسٹی کے تعلیمی نظام میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں لہٰذا وہ ذمہ داری، دیانت داری اور وقت کی پابندی کے ساتھ اپنے فرائض انجام دیں تاکہ طلبہ کو بہترین تعلیمی سہولیات فراہم کی جا سکیں۔ بریفنگ سیشن کے اختتام پر ٹیوٹرز کے سوالات کے جوابات بھی دیے گئے اور انہیں تدریسی و امتحانی امور سے متعلق ضروری ہدایات فراہم کی گئیں۔

## کراچی ریجن میں دو ہفتوں کا ترکش سمر کیمپ

### پاک۔ترکیہ دوستی کو نئی نسل تک پہنچانے کی منفرد کاوش



علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے کراچی ریجن کے زیر اہتمام ۲۲ جون سے ۳ جولائی ۲۰۲۶ تک دو ہفتوں پر مشتمل ترکش سمر کیمپ ۲۰۲۶ کامیابی سے منعقد ہوا جس میں ۲۳ بچوں نے تربیت حاصل کی۔اس کیمپ کا مقصد طلبہ کی تعلیمی، تخلیقی اور ثقافتی صلاحیتوں کو نکھارنے کے ساتھ ساتھ پاکستان اور ترکیہ کے درمیان دیرینہ برادرانہ تعلقات سے نئی نسل کو روشناس کرانا تھا۔کیمپ کے دوران بچوں نے ایبرو آرٹ (ترک ماربلنگ آرٹ)، ترکی زبان کی بنیادی تعلیم اور تیر اندازی کی عملی تربیت حاصل کی۔یہ سمر کیمپ اس بات کی عملی مثال ثابت ہوا کہ تعلیمی اور ثقافتی سرگرمیوں کے ذریعے پاک۔ترکیہ دوستی کے مضبوط رشتے کو نئی نسل تک مؤثر انداز میں منتقل کیا جا سکتا ہے تاکہ دونوں ممالک کے درمیان محبت، بھائی چارے اور باہمی تعاون کی یہ روایت آئندہ بھی اسی جذبے کے ساتھ پروان چڑھتی رہے۔

## پشاور ریجن: امتحانی مراکز میں سہولیات اور انتظامات کا جائزہ



علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی پشاور کیمپس کے ریجنل ڈائریکٹر سفیر اللہ نے اپنی ٹیم کے ہمراہ ۶ مئی کو بہار ۲۰۲۶ء کے امتحانات کے دوران مختلف امتحانی مراکز کا اچانک دورہ کیا۔اس موقع پر امتحانی عمل کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور اس بات کو یقینی بنایا گیا کہ امتحانات مکمل شفافیت اور میرٹ کے مطابق منعقد ہوں اور کسی بھی طالب علم کو نقل کی اجازت نہ دی جائے۔دورے کے دوران طلبہ کو فراہم کی جانے والی سہولیات، امتحانی ماحول اور انتظامات کا بھی جائزہ لیا گیا تاکہ امیدواروں کو پرامن، منصفانہ اور سازگار ماحول میں امتحان دینے کی بہترین سہولت میسر ہو۔

## بہاولپور کیمپس میں اورینٹیشن سیشن کا انعقاد

### CMS اور LMS پورٹل بریفنگ اجلاس

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے ریجنل کیمپس بہاولپور میں ۳۰ جون ۲۰۲۶ کو طلبہ کے لیے سی ایم ایس (CMS)، ایل ایم ایس (LMS) پورٹل اور امتحانی نظام کے حوالے سے ایک اورینٹیشن سیشن کا انعقاد کیا گیا۔اس سیشن کا مقصد طلبہ کو یونیورسٹی کے جدید تعلیمی نظام، آن لائن پورٹلز کے استعمال اور امتحانی طریقہ کار کے بارے میں مکمل آگاہی فراہم کرنا تھا تاکہ وہ اپنی تعلیمی سرگرمیوں کو بہتر انداز میں انجام دے سکیں۔اس موقع پر ڈپٹی ریجنل ڈائریکٹر ڈاکٹر عدنان نے طلبہ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ CMS اور LMS پورٹل یونیورسٹی کے تعلیمی نظام کا اہم حصہ ہیں جن کے ذریعے طلبہ داخلہ، اسائنمنٹس، کورس ورک اور دیگر تعلیمی امور آسانی سے انجام دے سکتے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ طلبہ کو چاہیے کہ وہ ان جدید ڈیجیٹل پلیٹ فارمز کو بھرپور طریقے سے استعمال کریں تاکہ نہ صرف ان کی تعلیمی کارکردگی بہتر ہو بلکہ وقت کی بچت بھی ممکن ہو سکے۔



## ریجنل کیمپس ایبٹ آباد میں ٹیوٹر بریفنگ اجلاس

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے ایبٹ آباد ریجن میں ٹیوٹرز کو تعلیمی پالیسیوں، تدریسی ذمہ داریوں اور طلبہ کی مؤثر رہنمائی سے آگاہ کرنے کے لیے بریفنگ اجلاس منعقد ہوا۔اس موقع پر ریجنل ڈائریکٹر، شاہد علی نے ٹیوٹرز سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وہ اپنی تدریسی ذمہ داریاں دیانت داری، احساسِ ذمہ داری اور پیشہ ورانہ مہارت کے ساتھ انجام دیں۔انہوں نے طلبہ کی مؤثر رہنمائی، بروقت تعلیمی معاونت اور جامعہ کی تعلیمی پالیسیوں پر مکمل عمل درآمد کی ضرورت پر زور دیا۔انہوں نے کہا کہ ٹیوٹرز اوپن یونیورسٹی کے تعلیمی نظام میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں، اس لیے انہیں چاہیے کہ وہ طلبہ کے ساتھ مسلسل رابطے میں رہیں، ان کے تعلیمی مسائل بروقت حل کریں اور اسائنمنٹس کی جانچ مقررہ وقت کے اندر مکمل کریں تاکہ طلبہ کو معیاری تعلیمی سہولیات فراہم کی جا سکیں۔بریفنگ اجلاس میں ٹیوٹرز کو تدریسی امور، اسائنمنٹس کی جانچ، امتحانی نظام، طلبہ کی رہنمائی اور جامعہ کی پالیسیوں سے متعلق تفصیلی بریفنگ دی گئی۔



## اپریل تا جون 2026ء تک علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی سے ایم فل، پی ایچ ڈی پروگرامز مکمل کرنے والے طلباء وطالبات کی فہرست

| S# | Name of Students | Title of Thesis |
|---|---|---|
| 1 | Mr. Sajid Iqbal | English |
| 2 | Muhammad Usman Ali | English |
| 3 | Mr. Rafia Zubair | English |
| 4 | Mr. Abdul Razaq | Development of English Mechanics Through Communicative Language Teaching at ECE Level |
| 5 | Ms. Ambreen iqbal | Exploring Preschoolers' Screen Time and Externalized Behaviours: A Multiple Case Study |
| 6 | Mr. Muhammad Imran | Developing Classroom Activities to Enhance Computational Thinking Among Class 3 Students |
| 7 | Ms. Shagufta Yasmeen | Role of Classroom Practices in Hygiene Habits Formation of Early Graders |
| 8 | Ms. Farwa Manzoor | Perception and Practices of Teachers for Developing Critical Thinking Among Early Graders |
| 9 | Ms. Sabeen Afzaal | "Land Use and Land Cover Change at Gwadar District 1994-2024" |
| 10 | Ms. Aisha Zafar | "Corban Emissions Estimation from Selected Public and Private Healthcare Facilities of Islamabad. |
| 11 | Ms. Nazlee Azmat | "Detection of Mercury Content in the Selected Herbal" |
| 12 | Ms. Iqra Zahoor | "Effects of Viscous Dissipation and Joule Heating on Fe2O3 Ethylene Glycol Based Ferrofluid Flow along a moving Thin Needle" |
| 13 | Ms. Bushra Arshad | "MHD Carreau Fluid Flow along a Permeable Moving Wedge" |
| 14 | Ms. Ayesha Zaheedr | "Gyrotactic Microorganisms Transport over a Curved Surface with Convective Boundary conditions" |
| 15 | Ms. Amna Mustafa | "Impact of Non-Linear Thermal radiation on MHD Flow through a Conical Gap of Cone-Disk Apparatus with Thermophoretic Particle Deposition" |
| 16 | Ms. Sehrish Liaqat | "Mixed Convection in Y-Shaped closed Enclosure with Different Obstacles: FEM Based Analysis" |
| 17 | Mr. Muhammad Tayyab | "Fabrication-Based Metal-Organic Frameworks as Efficient Catalyst for Plastic Degradation" |
| 18 | Ms. Syeda Amber Batool | "A Study of Enriched contraction within Iterated Function System" |
| 19 | Mr. Nohman Saleem | "Synthesis and Electrochemical Studies of Zinc Vanadate-CNTs nanocomposites" |
| 20 | Ms. Rabbia Malik | "Effect of nutrition education of lifestyle in Management of Polycystic Overy Syndrome (POCS)" |
| 21 | Mr. Muhammad Adeel Ishfaq | "Ferrocene Based Catalyst for Upcycling of Polyethylene Terephthalate Based Plastic Waste" |
| 22 | Ms. Sabahat Ansar | "Effect of Sinusoidal Natural Convection MHD Flow of Ferrofluid along a Permeable Vertical Plate" |
| 23 | Ms. Bushra Fatima | "Finite Element Based Temporal Features of Thermal Flows Inside Closed Cavities with Selective Obstacles" |
| 24 | Ms. Humera Tabasum Mughal | "Antimicrobial Potential of Phyto Fabricated Silver Nanoparticles Against Multi-drug Resistance Bacteria" |

| S# | Name of Students | Title of Thesis |
|---|---|---|
| 25 | Ms. Tuba Kanwal | "Natural Convection Flows Through Trapezoidal Cavity with Wavy Wall" |
| 26 | Mr. Muhammad Musa | "Effect of Electrolytes on Sludge Volume Inex in Activated Sludge System for Combined Effluent Treatment" |
| 27 | Ms. Mahnoor Butt, | "Assessment of Heavy Metals from Bottom Ash of Medical Waste Incinerators of Islamabad" |
| 28 | Mr. Arifullah | "Photo Catalytic Degradation of Polyethylene Micro Plastics" |
| 29 | Ms. Maryam Rizwan | "activated Carbon Derived from Banana and Potato Peels Blended with Mult5i-Walled Carbon Nanotubes as Sustainable Electrode Candidate for Supercapacitors" |
| 30 | Mr. Muhammad Arslan | "Fabrication of High Entropy Oxide FeCoNiDyCdO2 Catalyst for Oxygen Evolution Reaction" |
| 31 | Ms. Hamna Zafar | "Synthesis of N-Doped Carbon Bimetallic Catalyst for the Reduction of nitro Compounds" |
| 32 | Mr. Ishaq Rahmat | "Performance Enhancement of Walnut Shell, Egg Sheel Carbon in combination with Multi9- Walled Carbon Nanotubes for Energy Applications" |
| 33 | Ms. Kashmala Amir | "Synthesis, Characterization and DNA Binding Studies of Ester Derivatives of Regio-Isomeric Isoxazoles" |
| 34 | Ms. Amna Rida | "Inactivation of fungal and aflatoxin content from selected dried fruits using cold plasm treatment" |
| 35 | Mr. Muhammad Ali | "Prevalence of malnutrition among middle childhood in Rawalpindi and Islamabad cities" |
| 36 | Ms. Sidra Aftab | "Synthesis, Characterization and DNA Binding Studies of Carbohydrazide Derivatives of Regio-Isomeric Isoxazole" |
| 37 | Ms. Bushara Farkhanda | "Explication of Orange and Lemon Peels Derived Activated Carbon and their composites with Multi Wall Carbon Nanotube's for Energy storage in Supercapacitors" |
| 38 | Ms. Rija Azam | "Fabrication of Hydrophobic Sponge Loaded with Polyaniline-Lignin Copolymer for laundry Wastewater Treatment" |
| 39 | Ms. Kinza Zafar Satti | "Synthesis of Triazole-based Graphitic Carbon Nitride Heterojunction for Enhanced Photocatalytic Application" |
| 40 | Ms. Iqra Batool | "Natural Convection Flow of Hybrid Nanofluid in Triangular Cavity with Barriers" |
| 41 | Ms. Saira Khatoon | "Application of Linear Operators in Context of q-Calculus in Geometric Function Theory" |
| 42 | Ms. Ambreen Habib | "Finite Element Simulation of Thermal Flow in Closed Conduit Based Fluidic Devices" |
| 43 | Ms. Sidra Khalid | "Synthesis, Characterization and Photocatalytic Activity of Cerium Doped Zinc Oxide for Degradation of Antidiabetic Drugs" |
| 44 | Ms. Rehana Latif, | "Synthesis Characterization and Anticancer Application of Zinc Complex with Sulphur Donor Ligands" |
| 45 | Ms. Samreen Sajid Amin | "Synthesis and Characterization of lanthanum-Doped Quantum Dots for Detection of anticancer Drugs" |
| 46 | Mr. Muhammad Ahmed | "Synthesis of Carbon Quantum Dots as Fluorescent Probe for the Detection of Aromatic Compounds" |
| 47 | Ms. Aqsa Arooj | "Synthesis and Characterization of POM@MOF Composite for Electrochemical Application" |
| 48 | Mr. Muhammad Younas Saleem Ahmed | "Enhancing Control plane Security in Software Defined Network (SDN)" |









# ALLAMA IQBAL OPEN UNIVERSITY
# ADMISSIONS
## AUTUMN 2026



### Matric Programmes (ODL)
- Matric (General)
- Matric (Science)
- Matric (Dars-e-Nizami)
- Matric (Open Courses)

### Intermediate Programmes (ODL)
- FA (General)
- FA (Dars-e-Nizami)
- ICom
- FA (Open Courses)
- FSc (Pre-Medical/Pre-Engineering)

### Associate Degree Programmes (General | Duration 2 Years) (ODL)
- Associate Degree in Arts (BA General)
- Associate Degree in Commerce (BCom)
- BA Open Courses
- BS Open Courses

### Associate Degree Programmes (Subject | Duration 2 Years) (ODL)
- Arabic
- Business Administration
- E-Commerce
- English
- Education
- Economics
- Gender & Women Studies
- Instructional Design & Technology
- History
- International Relations
- Library and Information Sciences
- Mass Communication
- Pakistan Studies
- Political Science
- Psychology
- Sociology
- Urdu

### BS Programmes (HSSC Based | Duration 4 Years) (ODL)
- Arabic
- Islamic Studies (General)
- Islamic Finance
- Islamic Studies (Dars-e-Nizami)
- Islamic Studies (Hadith & Hadith Science)
- Islamic Studies (Interfaith Studies)
- Islamic Studies (Islamic Law and Jurisprudence)
- Islamic Studies (Seerat Studies)
- Islamic Studies (Quran and Tafseer)
- Accounting & Finance
- Early Childhood Care & Education
- Economics
- English
- Gender & Women Studies
- History
- International Relations
- Library and Information Sciences
- Mass Communication
- Pakistan Studies
- Sociology
- Urdu
- Agricultural Extension
- Rural Development
- Environmental Studies
- Political Science
- Psychology
- E-Commerce
- Computer Sciences (with specialization in Artificial Intelligence & Data Science)
- Instructional Design & Technology

### BS Programmes (BA/BSc Based | Duration 2.5 Years) (ODL)
- Arabic
- Islamic Studies (General)
- Islamic Finance
- Islamic Studies (Dars-e-Nizami)
- Islamic Studies (Hadith & Hadith Science)
- Islamic Studies (Interfaith Studies)
- Islamic Studies (Quran and Tafseer)
- Islamic Studies (Seerat Studies)
- Islamic Studies (Islamic Law and Jurisprudence)
- Accounting & Finance
- Economics
- English
- Gender & Women Studies
- History
- International Relations
- Instructional Design & Technology
- Library and Information Sciences
- Mass Communication
- Pakistan Studies
- Sociology
- Urdu

### BS Programmes (AD Based | Duration 2 Years) (ODL)
For the applicants having AD in relevant discipline with minimum 60 Credit Hours
- Arabic
- Islamic Studies (General)
- Islamic Finance
- Islamic Studies (Dars-e-Nizami)
- Islamic Studies (Hadith & Hadith Science)
- Islamic Studies (Interfaith Studies)
- Islamic Studies (Islamic Law and Jurisprudence)
- Islamic Studies (Seerat Studies)
- Islamic Studies (Quran and Tafseer)
- Accounting & Finance
- Economics
- English
- Gender & Women Studies
- History
- International Relations
- Library and Information Sciences
- Pakistan Studies
- Sociology
- Urdu

- For admission in PhD and MPhil/MS only those applicants will be called for interview who qualify test, then merit will be determined.
- BS programmes are offered on open merit, applicants can deposit fee after submission of application, there will be no test/interview.

### BBA Programmes (ODL)
- BBA (HSSC Based)
- BBA (BA/BSc Based)
- BBA (AD Based)

### Teacher Training Programmes (ODL)
- **BEd** (BS/MA/MSc Based)
  - BEd (1.5 Years)
  - BEd (1.5 Years) Special Education
- **BEd** (ADE Based) (Duration 2 Years)
  - Distance & Non Formal Education
  - Elementary Teacher Education
  - School Leadership & Management
  - Science Education
  - Secondary Teacher Education
- **BEd** (BA/BSc/AD Based) (Duration 2.5 Years)
  - Elementary Teacher Education
  - Science Education
  - Special Education
- **BEd** (HSSC Based) (Duration 4 Years)
  - Distance & Non Formal Education
  - Elementary Teacher Education
  - School Leadership & Management
  - Secondary Teacher Education
  - Special Education
  - Science Education (FSc/A level Based)

### Post Graduate Diplomas (ODL)
- Criminology
- Early Childhood Education
- Educational Leadership and Management (ELM)
- Educational Planning & Management (EPM)
- Entrepreneurship
- Entrepreneurship in Early Childhood Care & Education
- Gender & Women Studies
- Human Resource Management
- International Financial Reporting Standards (IFRS)
- Population and Development
- Supply Chain Management
- Teaching of English as a Foreign Language (TEFL)
- Sustainable Environmental Design
- Public Health and Nutrition
- Environment Health & Safety

### Certificate/Diplomas (ODL)
- Al Lisanul Arabi
- Arabi Bol Chaal
- Arabic Certificate Course
- ATTC
- Certificate IFTAA
- Lughat ul Quran
- Certificate Imam & Khateeb
- Certificate in Tajweed ul Quran
- Certificate in Literacy & Non Formal Education
- Entrepreneurship in Early Childhood Education
- Certificate in Librarianship
- Special Education
- Hearing Impairment
- Intellectual Disability
- Physical & Health Impairment
- Visual Impairment
- E-Commerce Skills & Online Courses (In Collaboration with BF Technologies)
- Organic Kitchen Gardening
- Diploma in Islamic Law and Jurisprudence
- Diploma Islamic Finance
- Diploma in Literacy & Non Formal Education
- Diploma in Library and Information Sciences

### Associate Degree Programmes (Face to Face)
- Botany
- Chemistry
- Data Analytics*
- Human Nutrition and Dietetics
- Mathematics
- Physics
- Statistics*

*Offered at Islamabad, Lahore, Bahawalpur, Multan, Karachi, Quetta Muzaffarabad, Faisalabad, Gujranwala, Peshawar, Rahim Yar Khan and D.G. Khan, Abbottabad & Mirpur (AK)

### BS Programmes (FA/FSc Based | Duration 4 Years) (Face to Face)
The candidates waiting for result of 2nd year can also apply
- Biochemistry
- Botany
- Chemistry
- Computer Sciences* (with specialization in Artificial Intelligence, CyberSecurity, Data Science, Information Technology & Software Engineering)
- Data Analytics**
- Human Nutrition & Dietetics
- Health & Physical Education
- Mathematics*
- Microbiology
- Physics (Data Science Minor)
- Physics
- Statistics**
- Statistics (Data Science)**
- BSc (Hons) Agriculture

*Offered at Islamabad, Lahore & Karachi.
**Offered at Islamabad, Lahore, Bahawalpur, Multan, Karachi, Quetta Muzaffarabad, Faisalabad, Gujranwala, Peshawar, Rahim Yar Khan and D.G. Khan, Abbottabad & Mirpur (AK)

### BS Programmes (BSc Based | Duration 2.5 Years) (Face to Face)
- Chemistry
- Human Nutrition & Dietetics
- Mathematics
- Physics
- Statistics*

*Offered at Islamabad, Lahore, Bahawalpur, Multan, Karachi, Quetta Muzaffarabad, Faisalabad, Gujranwala, Peshawar, Rahim Yar Khan and D.G. Khan, Abbottabad & Mirpur (AK)

### BS Programmes (ADS Based | Duration 2 Years) (Face to Face)
For the applicants having ADS in relevant discipline with minimum 60 Credit Hours.
- Biochemistry
- Botany
- Chemistry
- Mathematics
- Microbiology
- Physics
- Statistics*

*Offered at Islamabad, Lahore, Bahawalpur, Multan, Karachi, Quetta Muzaffarabad, Faisalabad, Gujranwala, Peshawar, Rahim Yar Khan and D.G. Khan, Abbottabad & Mirpur (AK)

### Post Graduate Diploma/ Certificate (Face to Face)
- PGD Data Science
- Certificate in AutoCAD (Civil)

### MBA Programmes
- MBA Programme (1.5 Years)
- MBA Programme (2 Years)

### MPhil/MS/MSc (Hons) Programmes
- MPhil Islamic Studies (General)
- MPhil Distance & Non Formal Education
- MPhil Chemistry
- MPhil Mathematics
- MPhil Physics
- MPhil Statistics
- MPhil Environmental Sciences
- MPhil Agricultural Technology
- MPhil Microbiology & Molecular Genetics
- MS Computer Science
- MS Community Health & Nutrition
- MSc (Hons.) Live Stock Management
- MSc (Hons.) Agricultural Extension
- MSc (Hons.) Rural Development

### PhD Programmes
- Islamic Studies (General)
- Islamic Studies (Seerat Studies)
- Islamic Studies (Hadith & Hadith Science)
- Distance & Non Formal Education
- Science Education
- Mass Communication
- Pakistani Languages & Literature (With Specialization in Balochi, Brahvi, Sindhi, Saraiki, Pashto & Punjabi)
- Physics
- Chemistry
- Mathematics
- Agricultural Extension
- Computer Science
- Environmental Sciences
- Food & Nutrition

Note: Fully funded scholarships are available for specific disciplines. For details visit AIOU website

## ADMISSION SCHEDULE

| PROGRAMMES | CLOSING DATE |
|---|---|
| Matric, FA, AD, BS, BEd, PGD & Certificate Courses (Fresh) | 10-08-2026 |
| PhD, MPhil/MS/MSc (Hons.) | 17-08-2026 |
| All Programmes (Enrollment for Continuing students) | 24-08-2026 |

### Schedule for Entry Test of PhD & MPhil/MS Programmes

| Faculty | Test Date | Faculty | Test Date |
|---|---|---|---|
| Arabic & Islamic Studies | 21-08-2026 | Social Sciences & Humanities | 27-08-2026 |
| Education | 24-08-2026 | Sciences | 28-08-2026 |

Test will be held on following Venues at 09:00am (Applicants can appear at any centre as per convenience)

1. Academic Complex Main Campus AIOU, H-8, Islamabad
2. Regional Campus, AIOU CF-7, Shah Rukn-e-alam Colony, Near Thana Stop Multan
3. Regional Campus, AIOU, Eastern By Pass, Takhtani Road, QUETTA.
4. Regional Campus, AIOU, St # 6, D-1, Block No. 14, Federal 'B' Area KARACHI
5. Regional Campus, AIOU, Shahra-e-quaid-e-azam, Near Army Public School & College, Khumer Cantt Gilgit

## HOW TO APPLY

- Check eligibility and details of all programmes in the prospectuses available at University Website.
- Submit online application at **https://fmbp.aiou.edu.pk**
- Manual forms for Matric, Intermediate, ADA, BEd & ATTC are also available in Regional Offices and Sale Points.
- Continuing students can register courses in CMS at following link: **https://enrollment.aiou.edu.pk**
- Fee can be deposited in any branch of **ABL, MCB, FWBL and NBP OR Upaisa, Easypaisa, JazzCash & 1-Link.**

## FOR INTERNATIONAL STUDENTS

- International students living across the world can get admission in Matric, Intermediate, Associate Degree, BS, B.Ed, and PGD programmes, which are completely offered through an online learning management system.
- Students can conveniently submit their assignments online, and examinations will also be conducted through the same online system.
- Prospectuses and admission forms are available for download from the official website at https://aiou.edu.pk.
- For further details, Email: overseas@aiou.edu.pk Ph: +92519572495

Official Android App

**Director Admissions** Email: adms@aiou.edu.pk | Helpline: (051) 111 112 468 | Web: https://aiou.edu.pk

Fresh Admissions







ASIA'S FIRST & WORLD SECOND OPEN UNIVERSITY

ALLAMA IQBAL OPEN UNIVERSITY

1 RANKED IN PAKISTAN Quality Education




## AUTUMN 2026

# ADMISSIONS OPEN

## INTERNATIONAL STUDENTS

UNLOCK YOUR FUTURE WITH AIOU ONLINE EDUCATION

All programmes are approved by ▸ Higher Education Commission Pakistan

**Flexible Learning | Accessible Anywhere | Expert Faculty**

### MATRIC/GRADE 10

0219 SSC General
0221 Matric Open Courses
2003 SSC Science

### INTERMEDIATE/GRADE 12

0332 HSSC General
0333 I.Com
0335 HSSC Open Courses

### ASSOCIATE DEGREES

0475 Associate Degree in Arts (BA General)
0480 BA Open Courses
5615 Associate Degree in Education (2 Years)
4019 Associate Degree in Commerce
4009 Associate Degree in Business Administration

### BS PROGRAMS FOR INTERMEDIATE/12 GRADE STUDENTS

5054 BS Mass Communication
5084 BS Accounting & Finance
5058 BS English
5059 BS Library and Information Sciences
5043 BS Islamic Studies for International Students
5056 BS Urdu
5060 BS Sociology
5061 BS Economics
5073 BS Early Childhood Care and Education
5086 BS Gender & Women Studies
5119 BS Computer Science
5120 BS Computer Science
5098 BS Environmental Studies
5087 BS International Relations
5115 BS Psychology

### BS PROGRAMS FOR BA/BSC/14 YEARS DEGREE BASED

5625 BS Islamic Studies for International Students (BA/BSc Based)
5631 BS Accounting & Finance
5567 BS Arabic
5624 BS Islamic Finance
5594 BS Urdu
5596 BS English
5599 BS Economics

### BS PROGRAMS (ASSOCIATE DEGREE BASED)

5632 BS Accounting & Finance

### BACHELORS OF BUSINESS ADMINISTRATION (BBA)

5055 BBA (Intermediate Based)
5593 BBA (BA/BSc Based)
5601 BBA (AD Based)

### TEACHER TRAINING PROGRAMS

**Intermediate Based**

5074 BEd (4 Years) Elementary Teacher Education
5075 BEd (4 Years) Secondary Teacher Education
5077 BEd (4 Years) School Leadership & Management
5078 BEd (4 Years) Special Education

**BA/AD Based**

5616 BEd Elementary Teacher Education
5630 BEd Special Education

**Masters/16 years Degree Based**

5008 BEd (1½ Years) General
5082 BEd (1½ Years) Special Education

### DIPLOMA PROGRAMS

1302 PGD Diploma TEFL
0716 PGD Educational Leadership and Management
1500 PGD Educational Planning and Management
6002 PGD Entrepreneurship in Early Childhood Care and Education
0713 PGD Early Childhood Education (ECE)
0717 PGD Supply Chain Management
0718 PGD Entrepreneurship
1060 PGD International Financial Reporting Standards
6005 PGD in Environmental Health & Safety

### Masters in Business Administration

1427 MBA 1.5 Year (For Business Graduates)
1428 MBA 2 Years (For Non-Business Graduates)

LAST DATE: **10 AUGUST 2026**

**Link to Apply Online:**
http://fmbp.aiou.edu.pk

**Scan the QR Code** for Prospectus


**For Further Information, Please contact**
+92519572495 overseas@aiou.edu.pk

DIRECTORATE OF INTERNATIONAL COLLABORATION AND EXCHANGE
Block-25, Allama Iqbal Open University, H-8, Islamabad